29 دسمبر 2023ء

سرکاری وصولیوں/ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی وصولی کے لیے برانچیں 30 اور 31 دسمبر 2023ء کو کھلی رہیں گی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ **بینکوں کی وہ تمام برانچیں جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں،** وہ متبادل ڈلیوری چینلز اور اوور دی کاؤنٹر سہولت کے ذریعے ٹیکسوں کی وصولی کے لیے **ہفتہ 30 دسمبر 2023ء اور اتوار 31 دسمبر 2023ء کو** توسیع شدہ اوقاتِ کار میں بالترتیب **شام 5:00 بجے اور رات 8:00 بجے تک** کھلی رہیں گی۔

مزید برآں، ادائیگی کی اُسی دن کلیئرنگ/تصفیے کو یقینی بنانے کے لیے، نفٹ (NIFT) کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ **ہفتہ 30 دسمبر، 2023ء کو سہ پہر 3:00 بجے اور اتوار 31 دسمبر، 2023ء کو شام 5:00 بجے خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام کرے۔** ٹیکس وصولیوں کے التوا کو دور کرنے کے لیے بینک اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ مذکورہ بالا دفتری اوقات کے دوران سرکاری وصولیوں سے متعلق دی گئی کوئی بھی دستاویز برانچ کاؤنٹرز پر نظر انداز نہ کی جائے اور اسے **31 دسمبر 2023ء** کی تاریخ میں مذکورہ خصوصی کلیئرنگ میں شامل کیا جائے۔

مزید یہ کہ، تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کلیئرنگ سے متعلق اپنی برانچوں کو **30 اور 31 دسمبر 2023ء** کو اس وقت تک کھلا رکھیں، جو نفٹ کی جانب سے سرکاری لین دین کی خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

*****